ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے

ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ

کتاب **میٹھی مرچ** کے الفاظ کے فلیش کارڈ بنا لیں۔ مختلف ذائقوں کے نام کے فلیش کارڈ بنا لیں۔ مختلف طرح کی مرچ کا انتظام کر لیں۔ (لال، ہری ،شملہ، پتلی، موٹی، گول مرچ)

سیشن 1

15 منٹ • بچوں کو مختلف طرح کی مرچ دکھائیں اور ان کی شکل اور رنگوں کے بارے میں پوچھیں۔ مرچوں کے رنگ اور شکل کے نام بورڈ پر لکھ کر بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کو مرچ والی چیزیں پسند ہیں۔ کیا کسی بچے نے میٹھی مرچ کھائی ہے۔

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں معلوم ہے کہ کسان کس کو کہتے ہیں؟ وہ کیا کام کرتا ہے؟ پہلے بچوں کو جواب دینے کا موقع دیں پھر انہیں بتائیں کہ جس طرح مالی باغ میں کام کرتا ہے۔ پھول، پودے اور گھاس لگاتا ہے۔ ان میں کھاد، مٹی اور پانی دیتا ہے اسی طرح کسان کھیت میں کام کرتا ہے اور طرح طرح کے پھل، سبزیاں، اناج، دالیں، چاول، گیہوں، مکئی اور دوسری بہت سی چیزیں اگاتا ہے۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کے پھل اور سبزی اپنی کوپی میں بنائیں اور ان میں رنگ بھریں۔

سیشن 2

- **15 منٹ** • بچوں کو کتاب **میٹھی مرچ** دیں۔ بچے خاموشی سے 5 منٹ کتاب پڑھیں اور تصویریں دیکھیں۔ فلیش کارڈ سے کتاب کے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

- **15 منٹ** • 6-8 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ کتاب پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

- **15 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کیا انہوں نے کبھی نیلی مرچ دیکھی ہے؟ کسان نے نیلی مرچ کیوں اگائی؟ کہانی پر بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں میٹھی اور نیلی مرچ سے کیا چیزیں بنائی جا سکتی ہیں۔

سیشن 3

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے کبھی کھیت دیکھا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ کھیت شہر سے دور ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کسان کھیت میں کیا اگاتا ہے۔ بورڈ پر بچوں کی بتائی ہوئی چیزوں کے نام لکھیں۔ مثلاً: آم آلو دال چاول

25 منٹ • بچے اپنی کوپی میں کھیت، کسان اور جو چیزیں وہ اگاتا ہے اس کی تصویر بنائیں۔

ہوم ورک

5 منٹ • کتاب **میٹھی مرچ** پڑھ کر آئیں۔

سیشن 4

- 10 منٹ • فلیش کارڈ سے کتاب کے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ 8 - 6 بچوں سے کتاب **میٹھی مرچ** کی پڑھائی کروائیں۔

- 10 منٹ • بچوں کی توجہ کہانی کے ان الفاظ کی طرف دلائیں جن کے ضد الفاظ بنائے جا سکتے ہیں۔ کتاب کے علاوہ دوسرے ایسے الفاظ بچوں سے پوچھیں جن کی ضد بنائی جا سکتی ہے۔

- 25 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ان میں کتاب کے الفاظ اور ان کی ضد لکھیں۔ کتاب میں دئے ہوئے الفاظ کے علاوہ 3 - 2 الفاظ اور لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر ان کی ضد لکھیں۔ بچے یہ کام کوپی میں کریں۔

سیشن 5

10 منٹ • 6 - 8 بچوں سے کتاب **میٹھی مرچ** کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ • بچوں سے ذائقے کے بارے میں بات چیت کریں۔

- ذائقہ (taste) کس کو کہتے ہیں؟
- ذائقے کتنی طرح کے ہوتے ہیں؟ (کھٹا میٹھا کڑوا نمکین تیکھا)
- کس کو کون سا ذائقہ پسند ہے؟
- بچوں سے مختلف ذائقے کی چیزوں کے نام پوچھیں۔

25 منٹ • بچوں سے fun writing کروائیں۔

- بچوں کو 2 - 1 topics دیں:
- مثلاً ''اگر میں مرچ ہوتی / ہوتا۔'' یا ''اگر میں ٹماٹر ہوتا / ہوتی۔''
- بچے کوپی میں دن اور تاریخ لکھ کر کوئی بھی ایک موضوع (title) لکھیں اور اس کے بارے میں 5 - 4 جملے لکھیں۔

سیشن 6

- **20 منٹ** بچوں سے پوچھیں کہ پودے اگانے کے لئے انہیں کیا چیزیں چاہئیں؟ ضروری چیزوں کے نام بورڈ پر لکھیں (مٹی، کھاد، کھرپی، پانی، پودے، دانے)۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ پودے کو بڑا ہونے کے لئے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟ (ہوا، پانی، سورج کی روشنی)۔ یہ دونوں سوالات اور جوابات بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں جوابات لکھیں۔

- **20 منٹ** بچے اپنی کوپی میں پودے اگانے کی چیزیں بنائیں اور پودا اگنے کے مراحل کی تصویریں ترتیب وار بنائیں۔

ہوم ورک

- **5 منٹ** کتاب میٹھی مرچ سے صفحہ نمبر 2 اور 3 کی لکھائی کریں۔

میٹھی مرچ

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk